پوری کرنے کے لیے ایسے ادارے ہونے چاہئیں جن کو دوام اور استقلال ہو۔ اس لیے جناب والا! آپ کو یاد ہوگا کہ یونیورسٹیوں کی خودمختاری کے مسئلے پر اس ملک میں تحریکیں چلتی رہیں کیونکہ یونیورسٹی آرڈیننس میں یونیورسٹیوں کی خوداختیاری کو مجروح کیا گیا تھا۔ اس سے بڑا گزند پہنچایا گیا تھا۔ اس لیے میں یہ چاہتا ہوں کہ از راہ کرم حکومت اگر Centres of Excellence قائم کرے، جس طور پر بھی قائم کرے جہاں بھی قائم کرے، کم از کم ان کو خوداختیار ادارے کے طور پر کام کرنے کی اجازت دی جائے۔ حضور والا! اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے۔ اگر حکومت اپنے ذمے یہ فرض نہ لے کہ وہ Centres of Excellence کے بورڈ آف ڈائریکٹرز خود مقرر کرے گی تو کیا ہی اچھا ہو۔ کیونکہ حکومت کے نامزد افراد خواہ وہ کسی طبقے سے تعلق رکھتے ہوں ان کا سوچ ان کا فہم و ادراک آزادانہ نہیں ہوگا۔ ایک طرف ان کا جھکاؤ ضرور ہوگا اور وہ طرف حکومت کی ہوگی۔ حضور والا! اگرچہ میں اس بدقسمت صوبے سے تعلق رکھتا ہوں جو کہ اس وقت اکثریت کا صوبہ کہلاتا ہے۔ لیکن میں محترم وزیر صاحب کی خدمت میں یہ بھی عرض کروں کہ چھوٹے صوبے خواہ مخواہ اس معاملہ میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی نامزدگی کی بنا پر اسے مرکز کی interference گردانیں گے اور صوبائی خود مختاری میں مداخلت تصور کریں گے۔ یہ درست ہے کہ Concurrent List کے 38 item کے تحت حکومت Centres of Excellence بنا سکتی ہے لیکن گزشتہ تلخ تجربات کے پیش نظر میں محترم وزیر تعلیم کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ ہر اس کام سے اجتناب کریں جس سے یہ شکوک و شبہات پیدا ہوں کہ مرکز تمام اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لینا چاہتا ہے اور صوبائی خودمختاری محض ایک ڈھونگ ہے جو صرف آئین کے صفحات تک ہی محدود ہے۔ یہ اعتراض ہوگا۔ اگر آج نہیں تو کل یہ اعتراض پیدا ہوگا۔ اس لیے ان اداروں کو جہاں تک ممکن ہو سکے خودمختار بنایا جائے اور ان کے دائرہ اختیار میں خواہ مخواہ مداخلت نہ کی جائے۔ میں حیران ہوں کہ وہ کون سا فلسفہ ہے کہ جس کے تحت وزیر موصوف علم قسم کے اختیارات فیڈرل گورنمنٹ کے پاس سمیٹ سمٹا کر رکھنا چاہتے ہیں۔ شاید محترم وزیر تعلیم یہ کہیں کہ میں digress کر گیا ہوں لیکن میں موضوع سے دور نہیں جاؤں گا۔ میں آپ کی توجہ اس امر کی جانب ضرور مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ شاید جلد یا بدیر Centres of Excellence اس قسم کی شکایات کا باعث بنیں گے۔ ایک اور بات جس کی جانب میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ بنیادی طور پر ان اداروں کو خصوصیت کے ساتھ جب کہ وہ اعلیٰ تعلیم سے تعلق رکھتے ہوں گے۔ یہ اختیار حاصل ہونا چاہیے کہ وہ اپنے اختیارات کے استعمال کے لیے اور اپنے فرائض کی ادائیگی

[Khawaja Mohammad Safdar]

کے لیے ان تمام لوگوں سے مشورہ لے جو اس ادارے کی رائے میں مناسب مشورہ دینے کے اہل ہوں ۔ اس بل میں بھی اس قسم کی ایک provision رکھی گئی ہے کہ Associate ممبر Associate کمیٹی بنا سکیں گے ۔ لیکن جہاں تک ان ممبران کے اختیارات کا تعلق ہے کہ آیا وہ اس کمیٹی کے رکن کی حیثیت سے ووٹ دے سکتے ہیں یا نہیں ۔ وہ دوسرے ممبران کی طرح پورے اختیارات کے حامل ہوں گے یا کسی مخصوص مسئلے کے متعلق ان کی رائے لی جائے گی اس موضوع کے متعلق بل خاموش ہے ۔

**Mr. Chairman**: I think, this matter will generally be dealt with in the rules. Rules have to be framed.

**خواجہ محمد صفدر**: میری ذاتی رائے یہ ہے کہ اگر وزیر تعلیم برا نہ مانیں تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس بل کو ڈرافٹ کرنے میں خاصی عجلت سے کام لیا گیا ہے ۔ اس میں خاصی خامیاں رہ گئی ہیں جن کی طرف میں بعد میں آپ کی توجہ دلاؤں گا ۔ فی الحال ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**جناب شہزاد گل**: جناب چیئرمین ! میں ۔ ۔ ۔

**Mr. Chairman**: I was mistaken. I thought there was none to speak. You give the floor to Nomani Sahib. You stood first, then you sat down.

**جناب شہزاد گل**: ٹھیک ہے ۔ جناب والا !

**مفتی ظفر علی نعمانی**: میں مختصراً عرض کروں گا ۔ جناب والا ! اعلیٰ تعلیم کے بعد اس ملک کی ترقی کے لیے معیار تعلیم کی طرف توجہ دینا ضروری ہے ۔ یہ چیز ہونی چاہیے مگر اس سے کہیں زیادہ ضروری اور بہت زیادہ ضروری ابتدائی عام تعلیم ہے ہم اپنا سرمایہ اور energy اور اپنی قوت ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین**: مفتی صاحب میں عرض کروں گا کہ بے ادبی معاف آپ صرف یہ بتائیں کہ اس تعلیم کے اصولوں میں کیا نقائص ہیں اور یہ کہ حکومت کو کیا کرنا چاہیے ۔ primary education اور دوسری تعلیم وغیرہ وغیرہ وہ تو مانی ہوئی بات ہے کیونکہ پیرزادہ صاحب نے کہا تھا کہ جو باتیں آپ نے فرمائی ہیں ، ہم نے منع نہیں کیا ۔ آپ یہ بتائیں کہ اس بل سے آپ کو اتفاق ہے یا اختلاف اور یہ کہ کون سی باتوں سے آپ کو اختلاف ہے ۔ عام تعلیم تو ہونی چاہیے اس سے آپ کو انکار نہیں ہے ۔ آپ اس وقت اصولوں پر بحث کریں ۔ غریبوں کو تعلیم دینی چاہیے یہ تو اظہر من الشمس ہے ، کسی کو اس سے اختلاف نہیں ۔ آپ اس وقت یہ بتائیں کہ آپ کو اس کے اصولوں سے اختلاف ہے یا اتفاق ؟

**مفتی ظفر علی نعمانی :** مجھے اس بل سے شدید اختلاف ہے ، بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بل اس ملک کے لیے ضروری ہی نہیں ہے اور میں اس کی وجوہات بیان کر رہا تھا - جب ہم مساوات اور برابری کی باتیں کرتے ہیں اور یہ کہ ، مالدار ، مالدار تر اور غریب ، غریب تر نہ ہو تو ہمیں تعلیم کے اندر بھی کوئی طبقہ ناخواندہ نہیں رکھنا چاہیے - یہ نہ ہو کہ ایک طبقہ تو ان پڑھ رہے اور دوسرا اوج ثریا تک پہنچ جائے - اس لیے میں یہ عرض کر رہا تھا کہ تعلیمی معیار غریبوں کی زندگی میں کسانوں کی زندگی میں اور مزدوروں کی زندگی میں عام کرنا چاہیے اور وہ اپنی energy اور وسائل کو صحیح طور پر استعمال کریں - یہاں تعلیم جیسے جیسے بڑھتی جائے اور میٹرک تک تعلیم عام ہو جائے تو اس کے بعد معیار تعلیم کی طرف مائل ہوں - معیار تعلیم سے زیادہ ضروری نیچے کی تعلیم ہے ، ہمیں اپنی تمام energy اور تمام سرمایہ اس طرف صرف کرنا چاہیے - پیپلز پارٹی نے بھی یہی کہا تھا کہ نیچے والوں کو رفتہ رفتہ اوپر پہنچائیں گے اور ان کی تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں گے - اس لیے میں اس بل کی شدید مخالفت کرتا ہوں -

**Mr. Chairman :** Thank you. Yes, Mr. Shahzad Gul. I quite appreciatie the remarks made by Maulana Sahib at the very outset. This is what "ikhtsar" means. He did not take more than three minutes.

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! میں بھی مختصراً عرض کروں گا - جناب والا ! اعلیٰ تعلیم development اور research کے لیے Centres of Excellence کا قیام نہایت ضروری ہے - اس قسم کے سینٹرز اس بل میں provide کیے جا رہے ہیں - ہمارے وزیر تعلیم نے اس بل کے جو اغراض و مقاصد بیان کیے ہیں ان سے کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا - اس سے زیادہ خوشی کی بات یہ ہے کہ اس قسم کے سینٹر اس ملک میں آزادی کے بعد پہلی بار قائم کیے جا رہے ہیں - اگر اس کا قیام ہو اور اعلیٰ تعلیم اور research کا کام تیز کیا جا سکے تو یہ بڑی خوشی کی بات ہے - اگر حکومت اس قسم کے اخراجات کرے تو ان کی حمایت کی جائے گی - مجھے بل سے جو اختلاف ہے وہ یہ ہے کہ اس کی بعض دفعات میں جس کی طرف میرے محترم دوست خواجہ صفدر نے اشارہ کیا ہے وہ صوبائی خود مختاری کا مسئلہ ہے - یہ بہتر ہوتا کہ وفاقی حکومت صوبائی حکومتوں کو ہدایت کرتی کہ وہ اپنے اپنے صوبے میں ، یونیورسٹیوں میں اس قسم کے سینٹرز قائم کریں اور پھر وفاقی حکومت ان کی نگرانی کرتی - Centres of Excellence کا اختیار مشترکہ لسٹ میں ہے اور صوبائی حکومتیں بھی اس قسم کا بل پاس کر سکتی تھیں اور اس قسم کے سینٹر قائم کر سکتی تھیں - لیکن وفاقی حکومت ہر ایک کام میں ہر ایک اختیار میں پہل کر رہی ہے -

(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی چیئرمین کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب شہزاد گل :** لہذا یہ بہتر ہوتا کہ یہ بل صوبائی حکومتیں پاس کریں اور یہ حکومت کے ان دعووں کے بھی خلاف ہے جو صوبائی خودمختاری کے مسئلے پر حکومت وقتاً فوقتاً کرتی رہی ہے اور جس ضمانت کی باتیں ہمارے محترم وزراء صاحبان اور محترم وزیراعظم صاحب اپنی تقاریر میں باربار کرتے ہیں کہ موجودہ آئین میں صوبائی خودمختاری کی ضمانت دی گئی ہے ۔ لیکن ان اختیارات کا استعمال مشترکہ لسٹ پر ان دعووں کے خلاف ہے ۔ ویسے بل کے اغراض و مقاصد سے ہمیں کوئی اختلاف نہیں ہے ۔ یہ نہایت ضروری ہیں ۔ ساتھ ہی ساتھ اس بل میں جو خامیاں ہیں وہ میں وزیر تعلیم کی خدمت میں آپ کی وساطت سے عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اگر وہ مہربانی کرکے ان کو دور کرنے کی کوشش کریں تو بل بہت کارآمد ہو سکتا ہے ۔ ایک یہ کہ اس قسم کے Centres of Excellence کا قیام ہر ایک یونیورسٹی میں ضروری قرار نہیں دیا گیا ۔ کلاز نمبر۳ میں ہے کہ اگر حکومت چاہے تو سنٹر کا قیام کر سکتی ہے ۔ اس کو ضروری قرار دیا جانا چاہیے تھا کہ ہر یونیورسٹی میں ایک Centre of Excellence ضرور قائم کیا جائے گا ۔ دوسرے یہ کہ بل میں جہاں بورڈ آف گورنرز قائم کیا جائے گا اور وہ اختیارات کا استعمال کرے گا اس میں منسٹری آف ایجوکیشن کا ایک نمائندہ ہوگا ۔ یہ ضروری ہے کہ یہ نمائندہ وفاقی حکومت کا ہوگا ۔ اگر کسی صوبے میں کسی بھی یونیورسٹی میں Centre of Excellence قائم ہو ، اس میں صوبائی محکمۂ تعلیم کو بھی نمائندگی دی جانی ضروری ہے ۔ صوبائی حکومت کو کوئی بھی نمائندگی اس میں نہیں دی گئی ہے ۔ اس کے ساتھ ہی جناب والا ! subjects کا تعین کون کرے گا ؟ بورڈ آف گورنرز کرے گا یا کمیشن کرے گا یا وفاقی حکومت کرے گی یا صوبائی حکومت کرے گی یا یونیورسٹی کرے گی ؟ اس بات کا یہاں کوئی تعین نہیں ہے ۔ یہ بات بل میں واضح نہیں ہے کہ جن subjects میں ریسرچ کی جائے گی تو ان subjects کا تعین کون کرے گا ؟ اس کے ساتھ ہی ساتھ جناب والا ! بورڈ آف گورنرز میں subjects کے تین experts لائے جائیں گے تو کلاز نمبر۵ میں یہ واضح نہیں ہے کہ کن کن subjects کے experts اس بورڈ آف گورنرز میں لائے جائیں گے ۔ چونکہ جناب والا ! اس Centre of Excellence پر کافی اخراجات ہوں گے جو وفاقی خزانے سے ادا کیے جائیں گے ، لہذا بل میں یہ ضروری قرار دیا جائے کہ اس کی کارگزاری کے متعلق ایک سالانہ رپورٹ پارلیمنٹ کو پیش کی جائے تاکہ پالیمنٹ کو پتہ چلے کہ اس سنٹر نے سال میں تعلیم اور ریسرچ کے میدان میں کتنی ترقی کی ہے اور اس کو آگے لے جانے کے لیے کیا کیا اقدامات کیے ہیں ۔ لہذا ایک رپورٹ

پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرنا نہایت ضروری ہے - جناب والا ! میں
amendments پیش نہیں کی ہیں اور چونکہ یہ بل یہاں پر introduce ہوا ہے اس
لیے میں محترم وزیر تعلیم کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ وہ اپنی جانب
ان خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کریں - میں ان کا نہایت ممنون ہوں گا اور
ویسے میں گزارش کر چکا ہوں کہ اس بل کے اغراض و مقاصد سے کسی کو
اختلاف نہیں ہوسکتا لیکن میں صرف اس بنیاد پر مخالفت کر رہا ہوں کہ یہ بہتر
ہوتا کہ صوبائی حکومتیں اس قسم کا بل پاس کرتیں کیونکہ یہ صوبائی
خود مختاری کے اوپر وفاقی حکومت کا حملہ ہے -

(جناب نعمت اللہ خان کھڑے ہوئے)

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** کامران صاحب آپ سے پہلے اٹھے تھے ، اس لیے ان
کے بعد آپ کو بولنے کا موقع دیا جائے گا -

**Mr. Kamran Khan :** Mr. Chairman, Sir, so far as the establishment of Centres of Excellence is concerned I have no objection with its principles, but this purpose should have been achieved through the University Grants Commission as there was no necessity for bringing about this Bill before the House.

**Mr. Deputy Chairman :** Don't you think this is a repetition of what Khawaja Safdar said ?

**Mr. Kamran Khan :** Forgive me for the repetition.

**Mr. Deputy Chairman :** Don't pursue that point please.

**Mr. Kamran Khan :** Forgive me for the repetition again if I were to say and support Khawaja Safdar that it is an encroachment upon the autonomy of universities. The establishment of Centre of Excellence should have been left to the university concerned University concerned should have made their own plans and they would request the Central Government through the University Grants Commission for financing those Centres. You could also avoid duplication because the University Grants Commission could refuse fund for the setting up of a particular Centre of Excellence for which they had been granted fund through another university. This purpose could have been achieved through the University Grants Commission. To my mind, the Centres of Excellence are going to be centres of influence in the universities. The Federal Government would have the power for wire-pulling ; to put up their men in the universities ; to influence the students community. The other day in Peshawar, when the election to the students union was being held, high personages from Islamabad made tours in order to influence the students ; official cars were used by the candidates and other facilities were afforded to them. With these laws the autonomy of the universities would be curtailed, and as my honourable learned friend Khawaja Sahib pointed out/he has been very upset/the Provinces and the universities would feel to have come under the direct control of the Central Government. So, Sir, with this short observation, I oppose this Bill.

**جناب نعمت اللہ خان :** جناب چیئرمین ! جہاں تک اس بل کے principles کا

تعلق ہے ، ہمارے تقریباً تمام اپوزیشن لیڈروں نے سینیٹر صاحبان نے بعض نے کھلے الفاظ میں ان کی تائید کی ہے اور بعض نے دبی زبان میں ان کی تائید کی ہے - بہرحال ایک بار سب نے اس کی تائید کرلی ہے - میں اس کے متعلق مختصر گزارش کروں گا - Centres of Excellence آج کے وقت میں جب کہ لوگ چاند تک پہنچ چکے ہیں اور ایٹم بم بناتے ہیں تو Centres of Excellence کا مطلب ہے کہ advance education آج کل کے technology کے زمانے میں سخت ضروری ہے - وزیر تعلیم صاحب کی تقریر کا مطلب جہاں تک میں سمجھا ہوں ، یہ ہے کہ ہر صوبے میں Centres of Excellence بنائے گئے ہیں - ہر ایک صوبے میں انہوں نے اس طرح distribution کی ہے اور وہ اس طرح انشاءاللہ کریں گے کہ Centres of Excellence ہر صوبے اور ہر علاقے کے لیے زیادہ مفید ثابت ہو سکیں - باقی میں حیران ہوں کہ اپوزیشن لیڈروں نے اپنی تقاریر میں یہ تاثر دیا ہے کہ گویا آئین میں کوئی fresh تبدیلی ہو رہی ہے - یہ تو scientific education کی بات ہے - وہ کہتے ہیں کہ Centres of Excellence کا تعلق صوبوں سے ہے جہاں یونیورسٹیاں بنتی ہیں - لیکن they are all financed by the Federal Government تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ they cannot remain integrated اس میں تو purely ٹیکنالوجی کی بات ہے - Provincial Autonomy کا اس میں تعلق نہیں - وہ آئین میں already decide ہوچکی ہے - اس کو دوبارہ repeat کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور جہاں تک انہوں نے کہا ہے کہ اس میں ہر ایک صوبے کی representation ہونی چاہیے ، تو میرا خیال ہے کہ اس میں بڑے قابل لوگ ہوں گے - کسی صوبے کا بھی جو زیادہ قابل آدمی ہے وہ اس بورڈ میں آ جائے گا قطع تعلق اس بات سے کہ وہ سندھ سے ہو یا پنجاب یا بلوچستان سے سرحد سے اور اس میں کہاں لکھا ہے کہ اس بورڈ میں فیڈرل گورنمنٹ کے لوگ ہوں گے اور صوبوں کے لوگ نہیں ہوں گے ؟ ایک ملک ہے اور جس صوبے کے بھی جو بہتر اور قابل لوگ ہوں گے وہ اس بورڈ کے ممبر ہوں گے اور اس میں representation کا سوال نہیں - جو قابل لوگ ہوں گے خواہ کسی صوبے سے ہوں وہ اس میں آجائیں گے - تو میرا خیال ہے کہ ساروں نے on principle اس کی تائید کی ہے - میں بھی ان مختصر الفاظ کے ساتھ وزیر تعلیم صاحب کی تائید کروں گا کہ انہوں نے یہ جو بل پیش کیا ہے یہ ایجوکیشن کی advancement کے لیے کیا ہے تاکہ ہم technology کے میدان میں آگے بڑھیں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** بہت بہت شکریہ - Thank you

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** جناب چیئرمین ! میں اس بل کے دو تین پہلوؤں پر کچھ عرض کروں گا گو کہ مجھے اصولی طور پر ان کے مقاصد سے اختلاف نہیں

ہے - سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ وزیر موصوف فرماتے ہیں کہ ملک میں اقتصادی ترقی کو متوازن بنانے کے لیے یہ Centres of Excellence یونیورسٹیوں میں ضروری ہیں اس میں شک نہیں کہ ملک کی اقتصادی ترقی کو متوازن بنانے کے لیے ان چیزوں کی ضرورت ہے - مگر Centres of Excellence اس وقت ضروری ہو سکتے ہیں جب کہ آپ ملک میں ابتدائی تعلیم کا ، ثانوی تعلیم کا اور اعلیٰ تعلیم کا تمام باشندوں کے لیے یا کم از کم ۶۰ فی صد باشندوں کے لیے انتظام کریں - اگر آپ شروع میں بنیاد مستحکم بنائیں گے ، تعلیم کو عام کریں گے تو اس معاشرے میں سے آپ کو بہترین آدمی مل سکیں گے جو اس کام کو بطریق احسن سرانجام دے سکیں گے - میں عرض کروں گا کہ یہ بہتر ہوگا کہ جو پیسہ یہاں پر خرچ ہوگا اس کی بجائے اس سے آپ بنیادی تعلیم کو مستحکم بنائیں اور اس کے بعد دوسرے phase میں Centres of Excellence کی طرف توجہ دی جائے - دوسری بات میں اس سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس سے صوبائی خودمختاری میں مداخلت ہوتی ہے - تعلیم صوبے کا ایک portfolio ہے تو مرکز کیوں اس قسم کے قوانین پیش کر کے صوبوں کی خودمختاری کو مجروح کرنے کی کوشش کرتا ہے ؟ اگر یہ صوبوں کے لیے چھوڑ دیا جائے تو یہ زیادہ بہتر ہے کیوں کہ ہر صوبے کے اپنے مخصوص مسائل ہوتے ہیں اور صوبائی حکومت ہی ان مسائل کا حل بہتر طور پر کرسکتی ہے - مثلاً بلوچستان زراعتی صوبہ نہیں بلکہ صنعتی صوبہ ہے - وہاں معدنیات کو ترقی دینا بہتر ہے - اگر یہ صوبے کے لیے چھوڑ دیا جائے تو وہ minerology کے Centre of Excellence بنانے کو ترجیح دے گا - فیڈرل گورنمنٹ کے ہر ایک کام کو اپنے ذمے لے لینے سے یہ ہوتا ہے کہ وہ کوئی کام بھی نہیں کر سکتی ہے اور اس سے صوبوں کے اختیارات بھی متاثر ہوتے ہیں اور پھر متوازن اقتصادی ترقی میں بھی مداخلت ہوتی ہے اور وہ بھی رک جاتی ہے - تیسری بات میں یہ عرض کروں گا کہ ہماری گورنمنٹ کو ہر ایک چیز اوپر سے لانے کی کیا ضرورت پڑتی ہے - بنیاد سے ، ابتدا سے اوپر جانا چاہیے ، یہ اوپر سے نیچے لاتے ہیں - ابتدائی تعلیم ، ثانوی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم کی طرف زیادہ توجہ نہیں دی جاتی اور اوپر کی باتوں کی طرف زیادہ توجہ دی جاتی ہے - یہاں اگر آپ اعلیٰ تعلیم کے لیے پہلے بنیادی تعلیم اور ثانوی تعلیم کی طرف توجہ نہیں دیں گے تو آپ کو باہر کے لوگوں پر مکمل طور پر انحصار کرنا پڑے گا - اس لیے بہتر یہ ہے کہ پہلے مرحلے میں آپ ابتدائی تعلیم ، ثانوی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم کی طرف توجہ دیں اور پھر دوسرے phase میں پانچ سال کے بعد اس قسم کے قوانین وضع کریں تاکہ پھر آپ کو اس قسم کا موادملک میں مل سکے جس سے پاکستان کے لوگ فائدہ اٹھا سکیں - تو ان گزارشات کے ساتھ میں

اس بل کی مخالفت کرتا ہوں۔

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Objections have been raised without any effort having been made to find out the facts. Education policy, to which reference has been made so many times, contains very specific provision in as much as the first priority in the field of education has been given to Primary and Middle education. Even today 75% of the budget spent on education as such, is going towards primary and high school education—75% out of a total of more than Rs. 100 crores of the budget of the country, which amounts to nearly 70 to 75 crores of rupees.

**خواجہ محمد صفدر :** پوائنٹ آف آڈر ۔ جناب والا ! جب میں تقریر کر رہا تھا تو مجھے اس امر کا حوالہ دینے سے روک دیا گیا تھا ۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** یہ باتیں ریکارڈ پر ہیں ، ان کو کہنے کا حق ہے ۔

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Apart from that Maulana Nomani has talked and the Leader of the Opposition has spoken about it.

اس میں واضح طور پر ہے کہ یہ پرائمری اسکولوں اور ایلیمنٹیری اسکولوں کے لیے ہے ۔

By the year 1979 Primary education shall become universal for boys and by the year 1982 primary education shall become universal for girls also. They do not know the magnitude of the operation. They do not know how many thousands and thousands of schools are being opened ; they do not know how many crores of rupees are being spent on primary and elementary education. As I told you, 70 to 75 crores of rupees are being spent out of a total budget of just over Rs. 100 crores on primary, elementary and high school education. More than half of this budget is being spent just on the first five years of education which we have recognised and acknowledged as our responsibility as opposed to the previous Governments. This is all I had to say. As against that the expenditure on sophisticated and higher education will not be even upto 10% of the total budget and Universities Centres of Excellence will hardly get a few crores of rupees as against that. These are schemes worth about Rs. 5 crores to be spent in about three or four years time. What is the percentage ? So, all this criticism was erroneous, based on misconceptions. Now the real objection they have come out with although reluctantly, but they have come out, is that this is going to be interference in the Provincial autonomy. Now the cat is out of the bag. We know now what you mean. You do not want national cohesion through education. Even in respect of education you want diversification, you want disjointed efforts, you want the Provinces pulling apart. How can one Province set up a Centre of Excellence evisaging the needs of the total country. I am glad that one of the honourable Senators has realised that there might be duplication and waste. When the question of Policy on education planning and education has been entrusted to the concurrent field that means the Parliament. If the Parliament wants to assume power, how can you say that this is unconstitutional or interference with the autonomy of the Provinces and Universities. Who is going to plan for the whole country ? Can Baluchistan, for instance, set up Centres of Excellence in the sensitive and sophisticated fields to meet its requirements ? Or do you want Baluchistan to set up

one Centre of Excellence and still that Centre of Excellence to be repeated in another university? Who is going to guide, who is going to give that central guidance? Is it one nation or is it not one nation—that is what I would like to ask? They should have come out bluntly that we do not want any Federal interference in the field of education as one honourable Senator has said. The reasons are obvious because they want the Provinces to drift apart. Even economically they do not want the Provinces to hold together. Politically, of course, they have tried their level best, socially they have tried their level best and they keep on resisting these efforts which are made to unite the country into a cohesive force. Objection is being made . . . . .

خواجہ محمد صفدر : ایسٹ پاکستان میں کیا ہوا ؟

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Yes, you did it, you are responsible for it. Chauviainstic attitude like yours is responsible for it, absolutely bellicose approach in the matter. This is what you did and today you are talking in exactly the same terms. You should hear. You have spoken uninterrupted for a long time and now you should have the courtesy and grit to hear to truth when it comes out.

Another objection that has been made here is that new departments are being opened every day. Of course, new departments will be opened. Have you not seen the manifesto of the Peoples Party which envisages mixed economy with a much more restricted private sector as compared to the public sector. Have you not seen more and more things in the last two years coming in the public sector? How will these new departments not be opened if the Public involvement of the Central Government keeps on increasing from day to day. This is a ridiculous objection. Of course, new departments will be opened if there is to be a dynamic development in the field of economy.

Another objection is that there is no representation given to the Provinces. No attempt whatsoever is being made to look at the text of the Bill. The Chairman of the Board is to be the Vice-Chancellor of the University who is necessarily an employee of the Provincial Government. One of the Members is to be Dean of the Faculty concerned and the Dean of the Faculty belongs to the Province. You have said that the Government is setting up this and we are departing from the education policy. How are we departing from the education policy when complete say in the matter is being given to the University Grants Commission. Three nominees will be appointed by the Central Government on the recommendation of the University Grants Commission in the Board. Just because the notification is to be issued by the Federal Government you say that? It is on the advice of the University Grants Commission that various fields are being allocated to the Universities for Centres of Excellence. If you look at the functions of the University Grants Commission, you will see how autonomous and powerful a body it is. You will realise that the Federal Government is establishing these institutions, these statutory institutions to create a buffer between the Universities and the bureaucracy in the Government. Instead of appreciating that, you are criticising it. The educational development in the country has suffered only because it was in the clutches of the bureaucracy. You do not appreciate that the creation of an institution like the University Grants Commission and the Centres of Excellence Board acts as a buffer between the universities and the bureaucracy of the Government. This gives them more latitude. If you look at those parts of the Bill of the University Grants Commission where fund is being created and it has to be placed at the disposal of the University Grants Commission, you will realise how much autonomy is being given. Sir, these are frivolous objections, objec-

**[Mr. Abdul Hafeez Pirzada]**

tions intended to create confusion. We know that there is some resistance from some of the universities. Naturally, because they think that these are their doormats and islands of independence in the country. Mr. Chairman, this is not so. In one country where there is one nation, there cannot be islands of independence. The guidance and the thinking and the thought has to be Central for the nation. These are frivolous objections and may be overruled. Thank you very much.

**مفتی ظفر علی نعمانی :** جناب والا ! ایک دوسری چیز آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** فرسٹ ریڈنگ ہو چکی ہے -

**مفتی ظفر علی نعمانی :** جناب والا ! ایک بات آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک کے بجٹ کا ۵ء فیصد تعلیم پر خرچ ہو رہا ہے -

**جناب عبدالحفیظ پیرزادہ :** جناب والا ! تعلیم کے بجٹ کا ۵ء فیصد خرچ ہو رہا ہے -

**مفتی ظفر علی نعمانی :** ٹھیک ہے - تعلیم کے بجٹ کا ۵ء فیصد سہی -

جناب والا ! ہمارے گاؤں سانگلہ ہل میں حمید نظامی ۴ پرائمری اسکول ماسٹر بھیجے گئے ان کے لیے سفید زمین بھی متعین نہیں کی جہاں پر وہ بیٹھ جائیں ہم نے مل کر ٦ ، ٧ ہزار کی لاگت سے ایک عمارت بنا کر دی ہے - اسی طرح بعد میں ۳ استانیاں بھیج دی گئیں ان کے لیے بھی کوئی جگہ متعین نہیں کی - ہم نے مل کر انہیں ایک جگہ لا کر بٹھا دیا ہے - یہی بات میں آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں - اس بیوروکریسی کی انکوائری کرائیں - اس کا نوٹس لیں اور اس پر غور فرمائیں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** میں آپ کا ممنون ہوں -

The question before the House is :

"That the Bill to provide for the estab lishment of Centres of Excellence in the universities for conducting high level teaching and research [The Centres of Excellence Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman :** Now we take the Bill clause by clause. I think, there is no amendment in Clauses 2, 3 and 4 of the Bill. I put all these clauses together.

The question before the House is :

"That Clauses 2, 3 and 4 stand part of the Bill".

*(The motion was adopted)*

**Mr Deputy Chairman :** Clause 5. There is an amendment. Mr. Khawaja Mohammad Safdar has to move.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That sub-clause (3) of clause 5 of the Bill, be substituted by the following, namely :

"(3) A member of the Board referred to in paragraph (f) of sub-clause (1) shall, unless he becomes disqualified for continuing as such under the rules that may be made under this Act, hold office for a period of three years, and shall be eligible for re-appointment".

**Mr. Deputy Chairman :** Please read the second amendment, because it is connected with the same clause.

دونوں پر اکٹھے discuss کر لیں گے ۔

**Khawaja Mohammad Safdar :** One by one, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Now, the motion moved is :

That sub-clause (3) of clause 5 of the Bill, be substituted by the following, namely :—

"(3) A member of the Board referred to in paragraph (f) of sub-clause (1) shall, unless he becomes disqualified for continuing as such under the rules that may be made under this Act, hold office for a period of three years, and shall be eligible for re-appointment".

Yes, Mr. Law Minister ?

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** The motion is opposed.

**Mr. Deputy Chairman :** Now, the next motion.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Why not take one by one.

**جناب ڈپٹی چیئرمین** ۔ ٹھیک ہے ۔

**Khawaja Mohammad Safdar :** Let us dispose of first this clause and then we can proceed further on.

**جناب ڈپٹی چیئرمین** ۔ ٹھیک ہے۔

**خواجہ محمد صفدر** ۔ جناب والا ! جس کلاز میں میں نے ترمیم پیش کی ہے اس کی سب کلاز کے الفاظ یہ ہیں :

"A member of the Board referred to in paragraph (f) of sub-clause (I) shall hold office for such term as may be determined by the Federal Government."

اگر اس کلاز کو اسی طرح رہنے دیا جائے تو اس سے یہ ہوگا کہ وہ تین ماہرین جنھیں اس کلاز کے پیرا c الف کے تحت فیڈرل گورنمنٹ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی سفارش پر نامزد کیا جائے گا ۔ اس کو جب چاہے بہ یک بینی و دوگوش فیڈرل گورنمنٹ نکال سکتی ہے ۔ حضور والا ! جس فلسفے کے تحت محترم

وزیر تعلیم نے اس سب کلاز کو اس بل میں شامل کیا ہے مجھے اس فلسفے سے اتفاق نہیں ہے - مجھے یہ کہنا چاہیے کہ ہماری اس حکومت نے اس ملک میں چند ایسے قوانین بنائے ہیں جو کہ مزدور طبقے کی فلاح و بہبود کے لیے وضع کیے گئے ہیں اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ مزدور طبقہ کو ان قوانین سے فائدہ نہیں ہوگا - اس کا موٹا اصول یہ ہے کہ کسی مزدور کو اس کارخانے کا مالک جس میں وہ مزدور کام کرتا ہے - - - - -

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Point of order, Sir. This is an amendment to a clause. The scope of discussion on the amendment is much narrower than on the general principles of the Bill.

**Khawaja Mohammad Safdar :** How is the Labour Policy involved in it ?

**Mr. Deputy Chairman :** Please speak on the amendment. You cannot connect other political thinking in it.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! محترم وزیر بات بات پر اعتراض کرنے کےلیے کھڑے ہو جاتے ہیں - بات کرنے کا ہی سلیقہ نہیں ہونا چاہیے ، بات سننے کا بھی سلیقہ ہونا چاہیے - میں یہ تقریر کر رہا تھا کہ مزدوروں کو یہ حق ملا ہے کہ ان کا مالک انھیں بلا نوٹس نہیں نکال سکتا ، بلاوجہ نہیں نکال سکتا - لیکن یہاں الٹا اصول ہے - آپ نے ماہرین کو جنھیں یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی ، جس کی ابھی ابھی وزیر تعلیم تعریف فرما رہے تھے ، سفارش پر منتخب کیا گیا ہوگا ، انھیں بلانوٹس جب جی چاہے گھریلو نوکر سے بھی کم درجہ دے کر نکال دیا جائے - یہ کہاں کا انصاف ہے - موجودہ حکومت کا رویہ یہ ہے کہ جب سرکاری ملازمین کا مسئلہ آتا ہے یا اس قسم کے ادارے جو حکومت کے ماتحت کام کرتے ہیں ، ان کے ملازموں اور ان کے ارکان کا مسئلہ آتا ہے تو حکومت یہ اختیار اپنے پاس رکھنا چاہتی ہے - جونہی کسی ملازم یا کسی ادارے کے رکن سے کوئی صاحب اقتدار فرد ناراض ہو تو پھر نہ نوٹس دینے کی ضرورت ہے اور نہ وجہ بتانے کی ضرورت ہے - اس کو ٹیلی فون پر کہہ دیا کہ صاحب ! آپ نوکری پر نہ آئیں - میں نے اس خرابی کو دور کرنے کے لیے اس برائی کو دور کرنے کے لیے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ سرکاری ملازموں کو نجی ملازموں سے بھی کم تر درجہ دیا جا رہا ہے - اس برائی کو رفع کرنے کے لیے میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے - جناب والا ! ایک طرف ماہرین کو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی سفارش پر بورڈ آف گورنرز کے رکن کی حیثیت سے نامزد کیا جاتا ہے - کم از کم تین سال کے لیے اسے بورڈ کا رکن رہنے دیجیے - ماسوائے اس صورت میں کہ وہ اس منصب کا اہل نہ رہے تو اس میں کیا برائی ہے - بلکہ میں کہوں گا کہ آنکھیں کھول کر ، کان کھول کر پہلے انتخاب کیا جائے ، تو پھر کم از کم تین سال تک

ایسے اس ادارے سے منسلک رہنے دیجیے ۔ اگر کوشش کے باوجود وہ غلط آدمی چن لیا جاتا ہے تو اس کے لیے علیحدہ قواعد مرتب کیے جائیں جن کے تحت اسے نکالا جا سکے ۔ لیکن میں یہ اختیار موجودہ حکومت یا کسی اور حکومت کو دینے کے لیے تیار نہیں ہوں ۔ وہ جب چاہیں اتنے بڑے ماہر کو جو سنٹرل بورڈ آف گورنرز کا رکن ہو ، جس نے خود ماہر پیدا کرنے ہیں ۔ مختلف سائنسوں میں اور ٹکنالوجی میں ماہر پیدا کرنے والا ادارہ ہے اس کے ایک معزز رکن کو اس بنا پر وزیر تعلیم ملازمت سے برطرف کردیں کہ وزیر تعلیم صاحب کو اس کے چہرے کی ساخت ناپسند ہو ۔ وزیر تعلیم صاحب کو اس کے چہرے کی بناوٹ ناپسند ہو جائے یا اس کی پوشاک ناپسند ہو تو وزیر تعلیم پھر اس کو بورڈ کی رکنیت سے برطرف کر سکتے ہیں ۔ یہ کوئی معقول بات نہیں ہے ۔ جناب والا ! میں نے یہ درخواست کی ہے کہ وزیر تعلیم صاحب نہ صرف بورڈ کے ارکان کو تین سال تک تسلی اور اطمینان سے کام کرنے دیں بلکہ اگر وہ اس ادارے کے لیے مفید ثابت ہو تو اسے مزید تین سال تک اس عہدے پر اس منصب پر فائز رکھا جائے تاکہ قوم و ملک اس کی صلاحیتوں سے مستفید ہو ۔ میں محترم وزیر تعلیم صاحب سے نہایت ادب کے ساتھ عرض کروں گا کہ وہ جس عظیم انسان کو اس عہدے پر فائز کرنا چاہتے ہیں وہ یقیناً لائق فائق اور اپنے مضمون میں منفرد ہوگا ، ایسے شخص کو وزیر تعلیم ایک گھریلو ملازم سے کم تر درجہ نہ دیں ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ اس amendment پر بولیں گے ؟

(مداخلت)

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** No, Sir. It is an amendment and the Mover has spoken. It is not a general debate. Let us not lay down new rules.

(*Interruption*)

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** We have a very learned exposition from the honourable Member. We are not dealing here with the employees ; the Board of Governors are not the employees, only the Director is the full-time employee who is entitled to remuneration. These are the recommendations, the three recommendations. They are to be appointed by the Federal Government not in consultation with the University Grants Commission, but on the recommendation of the University Grants Commission and you will appreciate that he can not be removed except on the recommendation of the appointing authority. Kindly read. This is what I have already said that half knowledge is more dangerous than anything else, that the Federal Government cannot appoint people except on the recommendation of the University Grants Commission. How can it remove them ? All that the clause says is that the period shall be determined, that is, that the Government shall determine the holding of office for two years or three years. Where is the question of their removal ? Why do you read a thing which does not exist ? Are they employees ? They are not employees of the Centres of Excellence ; they are not entitled to any remuneration. Only

[Mr. Abdul Hafeez Pirzada]

Director is to be a full-time employee and kindly see the terms of his remuneration. Why you unnecessarily try to mislead this House ?

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is that sub-clause (3) of clause (5) of the Bill.........

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, when the question is being put I want to point out one thing that the word used here is "sub-clause", it should be "sub-section". It may be corrected.

**Mr. Deputy Chairman :** Why sub-section ? It should be sub-clause. It has always been sub-clause.

Now, the question before the House is :

"That sub-clause (3) of clause 5 of the Bill be substituted by the following, namely :

"(3) A member of the Board referred to in paragraph (f) of sub-clause (1) shall, unless he becomes disqualified for continuing as such under the rules that may be made under this Act, hold office for a period of three years, and shall be eligible for re-appointment."

(*The motion was negatived*)

**Mr. Deputy Chairman :** Yes, Khawaja Safdar, next.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That after sub-clause (3) of clause 5 of the Bill, the following new sub-clause be added, namely :—

'3.A. The terms and conditions of service of the members referred to in paragraph (f) of sub-clause (1) shall be such as may be prescribed by the Federal Government'."

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** I wish he should withdraw it. They are not servants and there can be no terms and conditions of service. They are the Governors on the Board.

**Mr. Deputy Chairman :** Do you want to withdraw this amendment ?

**Khawaja Mohammmd Safdar :** No.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is that the following new sub-clause be added, namely :

"3.A. The terms and conditions of service of the members referred to in paragraph (f) of sub-clause (I) shall be such as may be prescribed by the Federal Government."

Yes, Mr. Pirzada, do you oppose this ?

**Mr. Addul Hafeez Pirzada :** Opposed.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion is opposed.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! محترم وزیر تعلیم صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ ملازم نہیں ہوگا ، محض بورڈ کا رکن ہوگا - مجھے معلوم نہیں وزیر صاحب کو ایسے ماہرین فن دستیاب ہوں جو بلامعاوضہ کام کرنے کے لیے تیار ہوں تو

اس صورت میں یہ کلاز درست ہے۔ اگر کوئی صاحب honorary طور پر اپنی خدمات پیش کرنے کے لیے تیار ہیں تو بہت اچھا ہے۔ غالباً محترم وزیر صاحب کے خیال میں وہ ایسے ماہرین تعلیم ہوں گے جو کہ پہلے ہی کسی نہ کسی ادارہ سے یا گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ سے مشاہرہ حاصل کر رہے ہوں گے تو انہیں اعزازی طور پر اس کا رکن بنالیا جائے گا یہ زیادہ بہتر ہوگا۔ مجھے خوشی ہوگی کہ بغیر خرچ کے کام ہوگا۔

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Members of the Board of Governors are never the employees. Members of the National Assembly serve on the Syndicates of the Universities and they are not employees. This is always an honorary job and you get only out of pocket expenses, the travelling expenses *i.e.* the air fare etc. There are the MNAs and the Senators who are members of the Universities Syndicates. The Board is just like a Syndicate of the University and only one full-time paid employee is to be there *i.e.* the Director. Most of these experts will come from the Deans of Faculties or from other departments of the Universities. The Board does not sit from day to day. They hold about two or three meetings in a year like the Syndicate of the University or at the most once in a month, so how can there be the question of remuneration or salary to Members of the Board of Governors ?

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is :

"That after sub-clause (3) of clause 5 of the Bill, the following new sub-clause be added, namely" :

'3.A. The terms and conditions of service of the members referred to in paragraph (f) of sub-clause (1) shall be such as may be prescribed by the Federal Government'."

(*The motion was negatived.*)

**Mr. Deputy Chairman :** There is no further amendment in clause 5. I put clause 5. The question before the House is :

"That clause 5 stands part of the Bill".

(*The motion was adopted.*)

**Mr. Deputy Chairman :** Clause 5 stands part of the Bill. Next there is an amendment.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Point of order, Sir. There is no amendment. The request is for the deletion of clause 6. This only means that a gentleman wants to talk on the clause. If that is so, he can speak on the clause but this is no amendment because the deletion means that you oppose the clause. When the clause is to be voted, he can say 'No'.

It is hit by Rule 90(2) of the Rules of Procedure of the Senate :

"An amendment shall not be inconsistant with any previous decision of the Senate on the same question".

In clause 5 of the Bill, the Director's post has already been approved and so also the terms and conditions of his remuneration etc. The Director's post has been approved in clause 5. If this clause is deleted at the moment, it will be inconsistent with the previous decision taken by the Senate on the same question.

**Mr. Deputy Chairman** : Which was the rule you were talking of that no deletion can be proposed as an amendment ?

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : Because deletion is not an amendment.

**Mr. Deputy Chairman** : I think there is no specific rule.

**Mr. Abdul Hafeez Prizada** : There is a tradition or precedence in the National Assembly which I can point out. Deletion means no amendment. If you want deletion that means you are opposing the clause.

**Mr. Deputy Chairman** : I would refer you to Rule 188(3) which states :

"An amendment shall not be moved which has merely the effect of a negative vote".

You can exercise this vote when the question is put before the House. So, I think, it cannot be moved as an amendment. But if you want to elaborate this point, you can speak on the motion.

**خواجہ محمد صفدر** : جناب والا ! مجھے وزیر محترم سے مکمل اتفاق ہے ، اور آپ بھی جانتے ہیں کہ جب کوئی امنڈمنٹ deletion سے متعلق ہو تو اسے پڑھا نہیں جاتا ہے - مجھے اس سے اتفاق ہے - deletion سے متعلق امنڈمنٹ پر صرف تقریر کی جاتی ہے اور میرا اعتراض بھی یہی ہے - البتہ وزیر صاحب نے جو دوسرا حوالہ دیا ہے ، مجھے اس سے اختلاف ہے -

جناب والا ! رولز ملاحظہ فرمائیں : Clause 6

"The Board may, for the speedy and efficient working of the Centre delegate to the Director such of its powers as it may deem necessary".

ظاہر ہے کہ اس کلاز کے تحت بورڈ اپنے اختیار میں سے جس اختیار کو چاہے ڈائریکٹر کو تفویض کر دے - اس کو منتقل کر دے - جس شخص کو کوئی اختیار منتقل ہوتا ہے ، یقیناً اس کو استعمال کرنے کے لیے منتقل ہوتا ہے - اسے کاغذ پر پڑا رہنے کے لیے منتقل نہیں ہوتا - میں نے بحیثیت مجموعی کلاز ۶ کی مخالفت کے لیے یہ ترمیم نہیں دی بلکہ کلاز ۶ کی سب کلاز (۳) کی مخالفت کے لیے میں نے یہ ترمیم دی ہے اور میرے نکتۂ نظر سے سب کلاز (۳) غیر ضروری ہے ، اس لیے کہ کلاز ۵ جس کو ابھی آپ نے اس ایوان سے منظور کرایا ہے اس سے وہ مقصد حاصل ہو جاتا ہے جو کہ سب کلاز (۳) کلاز ۶ سے حاصل کرنا مقصود ہے - دراصل یہ ایک ہی بات کی تکرار ہے - جس کا ۵ میں ذکر ہوچکا ہے - اسے دوبارہ درج کرنے کی ضرورت نہیں ہے - کلاز ۶ کی سب کلاز (۳) دراصل غیر ضروری سب کلاز ہے - اس کی یہاں ضرورت نہیں ہے - میری ان گزارشات پر غور فرما کر جواب دیا جائے -

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, Mr. Law Minister.

**Mr. Abdul Hafeez Prizada** : I do not want to speak.

**Mr. Deputy Chairman** : The question is :

"That clause 6 stands part of the Bill."

(*The motion was adopted.*)

**Mr. Deputy Chairman** : Now, we take up clause 7.

Amendment No. 4, Khawaja Mohammad Safdar.

**Khawaja Mohammad Safdar** : I beg to move :

"That sub-clause (2) of clause 7 of the Bill, be substituted by the following, namely :—

'(2) The Committee, may associate with itself in such manner and for such purpose as may be determined by regulations made under this Act such other experts whose assistance or advice it may consider necessary.

(2) A. An expert associated with it by the Committee, under sub-clause (2) shall have a right to take part in the discussion relevant to that purpose, but shall not have a right to vote at a meeting of the Committee and shall not be a member for any other purpose'."

**Mr. Deputy Chairman** : Motion moved is :

"That sub-clause (2) of clause 7 of the Bill, be substituted by the following, namely :—

"(2) The Committee may associate with itself in such manner and for such purpose as may be determined by regulations made under this Act such other experts whose assistance or advice it may consider necessary.

(2) A. An expert associated with it by the Committee under sub-clause (2) shall have a right to take part in the discussion relevant to that purpose, but shall not have a right to vote at a meeting of the Committee and shall not be a member for any other purpose."

Yes, Mr. Pirzada.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : No, Sir, I oppose it.

**Mr. Deputy Chairman** : The motion is opposed. Do you want to elaborate ?

**خواجہ محمد صفدر** : یہ بجا اور درست ہے کہ اس کمیٹی کو جس کا ذکر اس کلاز میں ہے ، اور جس کا نام کمیٹی رکھا گیا ہے ، مختلف ماہرین تعلیم سے مشورہ کی ضرورت پیدا ہوگی تا کہ وہ سلیبس ، curriculum اور امتحانات کے طریقہ کار وغیرہ وغیرہ مرتب کر سکے اور اس کے لیے ضروری ہے کہ اس کمیٹی کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ ماہرین فن سے مشورہ حاصل کر سکیں لیکن میری رائے میں اس کلاز کو ہوبہو رہنے دیا جائے تو associate ممبر اور فل ممبر میں کوئی امتیاز نہیں رہے گا ، کوئی فرق نہیں رہے گا - میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس

[Khawaja Mohammad Safdar]

کمیٹی کی رکنیت کا فیصلہ کرتے وقت یہ خیال رکھا گیا ہے کہ ضمنی کلاز (الف) میں جن ماہرین کو اس کمیٹی کا رکن بنایا گیا ہے ، ان کے اختیارات اور جو associate رکن ہوں گے ، ان کے اختیارات میں فرق ہونا چاہیے - اور یہ بات کوئی نئی یا انوکھی نہیں - کسی ادارے میں کواپٹڈ ممبر کو ووٹ کا اختیار نہیں دیا جاتا ، بلکہ محض اس مسئلہ کے متعلق رائے دینے کا اختیار دیا جاتا ہے ' بحث میں حصہ لینے کا اختیار دیا جاتا ہے جس کے متعلق خصوصیت سے اس کی رائے طلب کی گئی ہو یا جس غرض کے لیے اسے کواپٹ یا ایسوسی ایٹ کیا گیا ہے - چنانچہ اس خامی کو دور کرنے کے لیے میں نے اپنی تجویز میں یہ گزارش کی ہے کہ جو اشخاص ایسوسی ایٹ رکن بنائے جائیں وہ جس مقصد کے لیے بنائے جائیں اسی مقصد پر ان کی رائے لی جائے - وہ بحث میں حصہ لے سکیں لیکن فیصلہ ان کی رائے پر ، ان کے ووٹ پر نہ ہو - یعنی وہ ووٹ نہ دیں اور ووٹ دینے کا اختیار انہیں حاصل نہ ہو کہ وہ اپنے ووٹ کے ذریعے سے اس فیصلے کو غلط یا صحیح کر سکیں - دوسری میں نے یہ گزارش کی ہے کہ جس مقصد کے لیے انہیں بلایا گیا ہو وہ اسی مقصد تک اپنی رائے کو محدود رکھیں - اسی مقصد کے سلسلے میں وہ اپنا مشورہ دیں یہ ایسی تجویز تھی جس کے متعلق میرا خیال تھا کہ محترم وزیر تعلیم اسے قبول فرما لیں گے لیکن شاید وہ یہ سمجھتے ہیں کہ خواہ اپوزیشن کی طرف سے کوئی اچھی تجویز ہی کیوں نہ ہو اسے قبول کرنا ان کی شان کے خلاف ہے - اگر وہ ایسا خیال کرتے ہیں تو چشم ما روشن دل ما شاد میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ ہم بہتر سمجھتے ہیں وہ یہاں عرض کر دیتے ہیں ، اس سے زیادہ ہمارا کوئی فرض نہیں -

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** Only yesterday, the National Assembly I accepted six amendments moved to the Electoral Rolls Bill. So to say that it is a matter of principle not to accept the amendment from the Opposition is really very far away from the truth. What really pains me is the superfulous manner and the approach of the honourable Senator to the problems who moves amendments for the sake of amendments without making any effort of a deep study. Now, here he has said that they should not have power to vote and they should be associated in a manner which should be regulated by the rules and so on and so forth. My friend, kindly see what are the functions of the Academic Council. Are they ever called upon to work ? You want to give the right to vote but no right to vote to other people. It is not the Board of Governors that it has power to take decisions. Poor Academic Council has no power to take any decision at all. So, where is the question of associating people for the purposes of voting and this is not for the purpose of voting. This is my grievance with you that you do not study the matter and you come and move amendments which take considerable time of the House, which have no substance at all. The only function of the Academic Council is as mentioned in the Academic Committee in clause 3 of the Bill. It says :

"The Committee shall prepare and submit to the Board academic and research programmes of the Centre".

Where is the question of taking decision that you want to take away the power of vote from some members, and where is the question of co-opting either on the Committee? Do not you appreciate the difference between the words "co-opting" and "associating"? This is associating for the purposes of eliciting views of some experts. That is all. Therefore, I am compelled to resist such frivolous amendments. You would forgive me. It is not a matter of principle, but it is hollowness that these amendments come and I oppose them.

**Mr. Deputy Chairman** : The question is :

"That sub-clause (2) of clause 7 of the Bill, be substituted by the following, namely :—

'(2) The Committee may associate with itself in such manner and for such purpose as may be determined by regulations made under this Act such other experts whose assistance or advice it may consider necessary.

(2) A. An expert associated with it by the Committee under sub-clause (2) shall have a right to take part in the discussion relevant to that purpose, but shall not have a right to vote at a meeting of the Committee and shall not be a member for any other purpose'."

(*The motion was negatived.*)

**Mr. Deputy Chairman** : I put clause 7. The question is :

"That clause 7 stands part of the Bill."

(*The motion was adopted.*)

**Mr. Deputy Chairman** : Clause 8. No amendment. Clauses 9, 10 and 11. The question is :

"That clauses 8, 9, 10 and 11 do stand part of the Bill."

(*The motion was adopted.*)

**Mr. Deputy Chairman** : The question is :

"That the Preamble, clause 1 and short title stand part of the Bill."

(*The motion was adopted.*)

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : Sir, I beg to move :

"That the Bill to provide for the establishment of Centres of Excellence in the universities for conducting high-level teaching and research. [The Centres of Excellence Bill, 1974], be passed."

**Khawaja Mohammad Safdar** : Opposed.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : I would not waste time of the House. I have nothing more to add.

**Mr. Deputy Chairman** : Do you want to say something Khawaja Sahib ?

**خواجہ محمد صفدر** : حضور والا ! اس مرحلے پر میں صرف چند گزارشات

[Khawaja Mohammad Safdar]

پر ہی اکتفا کروں گا ۔ محترم وزیر تعلیم صاحب نے گلہ کیا ہے ، شکایت کی ہے کہ ہم تیار ہو کر یہاں نہیں آتے ہیں ۔

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada :** How is it relevant at this stage ? The Bill is to be passed or not to be passed !

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** میرے خیال میں تھرڈ ریڈنگ میں ان باتوں کے کہنے کا آپ کو حق نہیں ہے اور نہ یہ بل میں ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں بل ہی کے متعلق عرض کر رہا ہوں اور وزیر تعلیم کی توجہ اس بل کے کلاز ۸ کی طرف دلاتا ہوں جس میں تحریر کیا گیا ہے کہ Centres of Excellence کا اپنا فنڈ ہوگا ' اس کا اپنا خزانہ ہو گا جس میں فیڈرل گورنمنٹ ، صوبائی حکومت سے اور کمیشن یعنی یونیورسٹی گرانٹ کمیشن اور ان کے علاوہ مخیر حضرات یا اداروں کی جانب سے جو کچھ عطیات ملیں گے وہ سب کے سب اسی خزانہ میں داخل کیے جائیں گے ۔ بنیادی طور پر یہ امر یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے اغراض و مقاصد سے متصادم ہو گا ۔ ابھی پہلی خواندگی کے دوران محترم وزیر تعلیم نے ارشاد فرمایا ہے کہ وہ ان اداروں کو اور زیادہ محفوظ رکھنا چاہتے ہیں اور اس غرض کے لیے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کو ایک بفر کی حیثیت سے بیورو کریسی اور یونیورسٹیوں کے درمیان پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اس ادارے یعنی سنٹر آف ایکسیلینس کے متعلق انہوں نے یہ ارشاد فرمایا کہ وہ ایک بفر کا کام دے گا ۔ مگر میں یہ گزارش کروں گا کہ اگر انہوں نے مرکزی حکومت سے یا صوبائی حکومت سے گرانٹ حاصل کرنے کی کوشش کی ہے تو آج جو طریقۂ کار ہے کہ بیورو کریسی مداخلت کرتی ہے ، سرخ فیتہ چلتا ہے تو وہ سب کا سب جاری رہے گا اور ان سب کو منقطع نہیں کیا جا سکے گا ۔

جناب والا ! دوسری گزارش جو اس بل کے متعلق میں کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ بورڈ آف گورنرز کی ہیئت جو اس وقت بنائی گئی ہے ، اس میں اکثر و بیشتر نامزدگی ہوگی ۔ چونکہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن جن تین ماہرین کی سفارش کرے گی ، ان کو نامزد کیا جائے گا ۔ لیکن وہ مرکزی حکومت کے رحم و کرم پر ہوں گے ۔

جناب چیئرمین ! اگر میری ترمیم مان لی جاتی تو یہ صورت حال نہ ہوتی ۔ لیکن جس صورت میں اس وقت بل ہمارے سامنے ہے ، اس میں خامیاں موجود ہیں ، اس لیے میرا فرض ہے کہ میں ان خامیوں کی نشاندہی کروں اور میں ان خامیوں کو

اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنے پر مجبور ہوں - اس کے علاوہ میں یہ سمجھتا تھا کہ اس بل میں ایک clerical mistake ہے - شاید اس کو درست کر لیا جائے گا اور پھر میں آپ کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ کلاز نمبر ۵ کی sub-clause کو یہاں "(۱) sub-clause" لکھا ہے - لیکن ان الفاظ کے بجائے "sub-section" ہونا چاہیے - جب قانون پاس ہو جاتا ہے، تو پھر اس کی کسی شق کے لیے لفظ clause نہیں استعمال کیا جاتا بلکہ لفظ "sub-section" استعمال کیا جاتا ہے - بعض جگہ قوانین کی شق Article کہلاتی ہیں - جناب والا ! میں آخر میں یہ گزارش کروں گا کہ اس بل کو پاس کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ یہ duplication ہے - یہ فرائض تو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن بھی بخوبی ادا کر سکتی تھی - مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ چند لوگوں کو بعض مراعات سے نوازنے کے لیے اس قسم کے نت نئے ادارے قائم کیے جا رہے ہیں جس سے اس حکومت کے خزانے پر اور اس ملک کی معیشت پر بوجھ پڑ رہا ہے - ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی مخالفت کرتا ہوں -

**Mr. Deputy Chairman** : I think, nobody else wants to speak. So, I put the question. The question before the House is :

> "That the Bill to provide for the establishment of Centres of Excellence in the universities for conducting high-level teaching and research [The Centres of Excellence Bill, 1974], be passed."

(*The motion was adopted.*)

**Mr. Deputy Chairman** : The Bill stands passed. Next, No. 8.

## THE UNIVERSITY GRANTS COMMISSION BILL, 1974

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : Sir, I beg to move :

> "That the Bill to provide for the establishment of a University Grants Commission [The University Grants Commission Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Mr. Deputy Chairman** : The motion moved is :

> "That the Bill to provide for the establishment of a University Grants Commission [The University Grants Commission Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Khwaja Mohammad Safdar** : Opposed.

**Mr. Deputy Chairman** : The motion is opposed.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : Sir, I think, it will be a duplication of what I have already said in respect of an earlier Bill. This Bill has already been passed

[Mr. Abdul Hafeez Pirzada]

by the National Assembly of Pakistan and when it came here it was referred to the Standing Committee of the Senate. The Standing Committee of the Senate has reported that the Bill be passed, as passed by the National Assembly of Pakistan without any amendment. While we have talked a great deal about the importance of primary, elementary and secondary education in the country, we also attach great importance to the promotion of national unity and solidarity relating to university education, to national needs which should specifically be oriented in order to co-ordinate and promote the programmes of universities and develop the facilities without unnecessary duplication and waste of resources of the country and independent corporate bodies. This is what is needed, and the University Grants Commission shall act as a link between the Government and the universities and it will provide funds to the universities without any bureaucratic control. Now, the functions of the Commission are that it will advise the Federal and Provincial Governments on the proposals for establishment of new universities, expansion of existing universities. promotion of special studies and other matters when any Government, Provincial or Federal, may like to refer to the University Grants Commission. The University Grants Commission is also expected to bring to the notice of the Federal or Provincial Governments the problems relating to the teachers and the students in the universities so that an immediate remedy can be found to these problems. The University Grants Commission is not going to act in the field as manager of education, as was being proposed or suggested while we were passing the Centres of Excellence Bill. The University Grants Commission is going to be an extremely limited and small body of experts. It will conduct a detailed and thorough research in the educational needs of various provinces in the country and take steps for a co-ordinated effort so that duplication and waste is avoided. This is what the University Grants Commission Bill seeks. Pakistan is not the only country which is thinking of University Grants Commission. There is a University Grants Commission in the United Kingdom. India has set up a University Grants Commission long time ago and it is functioning. Whenever a Commission was appointed to suggest reforms in education, the University Grants Commission was always proposed. However, the suggestions and proposals of the Commissions and experts that are appointed from time to time were never implemented. In this regard when we announced the Education Policy in March, 1972, we envisaged the University Grants Commission for the specific purposes even mentioned in the Act itself. Its one of the purposes is that it shall recommend to the Government setting up of institutions and centres of higher sophisticated level in respect of which we already passed the Bill. The University Grants Commission, in order to allow greater autonomy to the Universities and development of higher education and to flourish in the hands of educational experts rather than the Secretariat staff of the Ministries and Departments of Government, is an absolute necessity of the time. It should have been brought about much earlier. So, I suggest that this Bill be passed. Thank you.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, Khawaja Safdar.

جناب شہزاد گل : جناب والا !

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی فرمائیے ؟

جناب شہزاد گل : جناب والا ! میں نے پہلا اجلاس prorogue ہونے سے پہلے amendments دی تھیں ۔ سینٹ کے اجلاس کی prorogation کے بعد میں نے سیکرٹری

صاحب نیشنل اسمبلی سیکرٹریٹ کو خط بھیجا کہ جو میں نے amendments دی تھیں ان کا نوٹس revive کیا جائے - لیکن وہ amendments circulate نہیں ہوئی ہیں اور اس کا جواب بھی مجھے نہیں ملا - میں نے صبح ان سے پوچھا تو سیکرٹری صاحب نے فرمایا کہ وہ amendments lapse ہو چکی ہیں اور ہم نے آپ کو اطلاع دی ہے لیکن مجھے اطلاع نہیں ملی -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** مسٹر شہزاد گل آپ تشریف رکھیے - میں نے confirm کر لیا ہے - چونکہ پہلے سیشن کے بعد تمام کی تمام amendments lapse ہو گئی تھیں ، وہ اب circulate ہو رہی ہیں - جی خواجہ محمد صفدر صاحب -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب ڈپٹی چیئرمین ! میں ابتداءً ہی یہ عرض کر دوں کہ مجھے مسودۂ قانون زیربحث کے اغراض و مقاصد سے اتفاق ہے - میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو مخالفت برائے مخالفت کرتے ہیں - لیکن مجھے اس مسودۂ قانون کے متن سے شدید اختلاف ہے - میرے اختلاف کی پہلی وجہ یہ ہے کہ جس غرض کے لیے ، جس مدعا اور مقصود کو حاصل کرنے کے لیے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن قائم کیا جا رہا ہے وہ غرض اور مدعا اس کے مندرجات کی وجہ سے حاصل نہیں ہو سکیں گے - اغراض و مقاصد میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ کمیشن اس لیے بنایا جا رہا ہے کہ افسرشاہی کے اثرات کم سے کم یونیورسٹی پر پڑیں - یونیورسٹی آزاد ماحول میں اپنا کام کر سکے قوم کی صلاحیتوں کو تعلیمی میدان میں اجاگر کرنے کے لیے اپنی جدوجہد اور کاوش کو جاری رکھ سکے اور کسی قسم کی رکاوٹ بیورو کریسی کی جانب سے اس کے اس نیک کام اور نیک فرائض کے راستے میں حائل نہ ہو - یہ بھی کہا گیا ہے کہ حکومت تعلیمی آزادی کی غرض سے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن بنا رہی ہے - مجھے ان اغراض سے اتفاق ہے اس لیے یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس سے کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا - ہمارے ملک میں یونیورسٹی کی خوداختیاری پر گزشتہ کم و بیش پندرہ سال سے بحث چلی آرہی ہے - جب یونیورسٹی آرڈیننس معرض وجود میں آئے تو اس وقت سے آج تک ہمارے تعلیمی اداروں میں agitations بند نہیں ہوئے - اضطراب ختم نہیں ہوا کیونکہ تعلیمی اداروں کی اٹانمی ، خوداختیاری کو مجروح کیا جا رہا تھا ، ایک طریق سے یا دوسرے طریق سے - ہماری خواہش تھی ، ہماری تمنا تھی کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن معرض وجود میں آئے اور وہ سرکاری مداخلت جو ہمارے تعلیمی اداروں میں گزشتہ چودہ پندرہ سال سے ہوتی رہی ہے وہ ختم ہو - لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس مداخلت کو صوبائی حکومتوں کی حد تک تو ختم کر دیا گیا لیکن وہ مداخلت مرکزی حکومت نے اپنے لیے جائز

[Khawaja Mohammad Safdar]

تصور کرلی - جناب والا ! اس موضوع پر کہ تعلیمی اداروں کو خوداختیاری حاصل ہونی چاہیے ، میں ایک نہیں بلکہ کئی ایک authorities پیش کر سکتا ہوں آپ کو یاد ہوگا حضور والا! کہ ۱۹۵۹ء میں نیشنل ایجوکیشن کمیشن قائم ہوا تھا - مسٹر شریف مرحوم اس کے چیئرمین تھے - اگرچہ اس کمیشن کی رپورٹ پر یونیورسٹی آرڈینس بنائے گئے جس نے ہمارے نوجوانوں کی جانیں لیں - بڑے بڑے شہروں کی شاہراہیں ہمارے نوجوانوں کے خون سے رنگی گئیں - مجھے یاد ہے کہ موجودہ وزیراعظم پاکستان جب ایوب حکومت سے علیحدہ ہوئے تو انھوں نے بھی نوجوانوں کے اس مطالبے کو اپنایا اور میں ان کی بیسیوں تقاریر اس سلسلہ میں پیش کر سکتا ہوں - یہ کمیشن جو ذہنی طور پر تعلیمی اداروں پر حکومت کا پورا پورا قبضہ رکھنے کا مدعا اور مقصد لیے ہوئے تھا اس کمیشن نے بھی جہاں تک تعلیمی اداروں کی اٹانمی کا تعلق ہے یہ ارشاد فرمایا میں چند سطور آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی کوشش کروں گا انھوں نے اس بات کو تسلیم کیا اور سفارش کی کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن معرض وجود میں لانا چاہیے اور کمیشن کے اغراض و مقاصد یہ بیان کیے :

"It is for such reasons that several countries have set up University Grants Commission distinct both from the Universities and the Governments. These Commissions on the one hand, protect the Universities from political pressure including interference from the Government itself and on the other, guide and control Universities in the direction of their development and the correlation of their efforts. Great Britain had such a Commission for a number of years. One has recently been set up by India. Australia hopes to establish one very soon. The University Grants Commission to be effective must be of high calibre. Its members should be persons of eminence and integrity who should be prepared whenever necessary to make unpopular and unpleasant decisions in the face of public citricism and local opposition, moreover men in whose judgement the Government and the University have full confidence."

اس کے بعد میں جناب کی خدمت میں ایک اور دستاویز کا حوالہ دوں گا - اس دستاویز کا نام Proposals for a new Education Policy ہے -

"The present arrangements under which University Grants are administered by Education Departments should be abolished. The Government funds for the development and maintenance of universities should be channeled exclusively through separate" and this is important, Sir, "Autonomous University Grants Commission."

تو ضرورت اس بات کی ہے کہ یہاں ہم جو کمیشن تجویز کر رہے ہیں وہ خودمختار ادارہ ہو - ایسا نہ ہو کہ وہ ادارہ حکومت کی پالیسیوں کو بروئے کار لانے کے لیے اپنے آپ کو آلۂ کار بنا لے - اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے وزیر تعلیم نے ہندوستان کی یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کا حوالہ دیا ہے - بالکل بجا ہے لیکن

میں انہیں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ وہاں کمیشن کے اراکین پر اور کمیشن پر بحیثیت مجموعی حکومت کی طرف سے کوئی پابندی اور کوئی کنٹرول نہیں - ماسوائے اس کے کہ اس کمیشن کے اراکین کو ایک پینل میں سے حکومت نامزد کرتی ہے - مگر یہاں کیا صورت حال ہے - اگر آپ اس مسودۂ قانون کو ملاحظہ فرمائیں تو معلوم ہوگا کہ تمام اراکین کو حکومت خود نامزد کرے گی اور پھر ان نامزدہ اراکین پر بھی اعتماد کا اظہار نہیں کیا گیا - ان کی کوئی ملازمت کی مدت مقرر نہیں کہ وہ کتنے عرصہ تک اپنے عہدے پر فائز رہیں گے - اور جیسا کہ میں نے آج ہی عرض کیا ہے کہ جب حکومت چاہے گی ان کو ہٹا سکتی ہے - اس کمیشن کو یہ اختیار بھی نہیں ہوگا - ایک چھوٹی سی مثال ہے کہ اسلام آباد کے علاوہ اپنا اجلاس کسی اور مقام پر منعقد کر سکے - ماسوائے اس کے کہ پہلے سے وزیر تعلیم سے اجازت نامہ حاصل نہ کرلیں - ضرورت اس امر کی ہے کہ اگر کمیشن یہ ضرورت محسوس کرتا ہے کہ کراچی میں کمیشن کا اجلاس ہو تو کمیشن کو اختیار ہو کہ وہ کراچی میں اجلاس منعقد کرے - مگر موجودہ صورت میں اگر کمیشن یہ محسوس کرتا ہے کہ کراچی اور کوئٹہ میں یا بلوچستان کی تعلیمی حالت کا اس مقام پر جاکر جائزہ لیا جائے اور اس کی ضروریات کا اندازہ کیا جائے تو اس صورت میں بھی کمیشن ایسا نہ کر سکے گا ، جب تک کہ محترم وزیر تعلیم آنہیں پیشگی اجازت نہ دیں گے - کمیشن کی آزادی کو یہیں تک مجروح نہیں کیا گیا بلکہ اگر کمیشن کے کسی فیصلے کو وزیر تعلیم ناپسند فرمائیں گے تو وہ فیصلہ کمیشن کے پاس واپس بھیج دیا جائے گا کہ کمیشن کا وہ فیصلہ وزیر موصوف کو ناپسند ہے ' دوبارہ غور کیا جائے - کمیشن کے اراکین کی میرے دل میں بہت عزت ہے کیونکہ وہ بڑے اونچے درجے کے ماہرین تعلیم ہوں گے جیسا کہ ابھی وزیر تعلیم نے فرمایا ہے کہ اس ملک میں شاید ہی کچھ لوگ ہیں جو اپنا کعبہ کج کلاہ کے رخ کے برعکس یا برخلاف بنا سکتے ہیں - اگر وزیر تعلیم یہ کہیں کہ کوئی فیصلہ آن کو ناپسند ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ موجودہ حالات میں کمیشن کے اراکین اپنے پہلے فیصلے کو تبدیل کر دیں اور وزیرموصوف کی خوشنودی حاصل کرنے کےلیے ان کی مرضی کے مطابق فیصلہ کریں - یہ پابندیاں یہیں تک محدود نہیں بلکہ کمیشن اپنے ملازمین بھی خود نہیں رکھ سکتے - ادنیٰ ملازمین کو تو خود رکھ سکتے ہیں لیکن افسران کو ملازم نہیں رکھ سکتے - افسران کو ملازم رکھنے سے پہلے وزیر تعلیم کی پیشگی اجازت حاصل کرنا لازمی ہوگی - جناب والا ! یونیورسٹی کمیشن جسے نہ صرف یونیورسٹی کو آزادی دلانے کے لیے معرض وجود میں لایا جا رہا ہے بلکہ جس کے متعلق جائز طور پر یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ حکومت کے اثرات سے آزاد ہوگا ، اس کو خود پابند بنایا جا رہا ہے - اس کے گرد خود ہی

[Khawaja Mohammad Safdar]

دیوار کھڑی کی جا رہی ہے اور اس کے اختیارات کو محدود کیا جا رہا ہے۔ اس حکومت کی تعلیمی پالیسی کی وضاحت کرتے ہوئے محترم وزیر اعظم کی تقریر اور وزیر تعلیم کی تقاریر کا مطالعہ فرمائیں تو اس میں کوئی شک نہیں رہتا کہ انھوں نے بڑے پر کشش الفاظ میں یونیورسٹی کمیشن کا ذکر فرمایا ہے، لیکن جہاں تک اس کی آزادی کا تعلق ہے اور اس کی خودمختاری کا معاملہ ہے تو اس کا ذکر تک نہیں فرمایا۔ اس کا ایک ہی مطلب ہے، کہ وہ خودمختار ادارہ قائم نہیں کرنا چاہتے۔ مجھے اس بل پر بنیادی طور پر یہی اعتراض ہے۔ ایک اور بات جس کا تذکرہ کرنا میں ضروری سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ جیسا کہ اغراض و مقاصد میں درج کیا گیا ہے کہ یونیورسٹیوں کو آئندہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن بنانے کے بعد حکومت کے سامنے دست سوال گرانٹ کے لیے دراز نہیں کرنا چاہیے۔ لیکن مسودۂ قانون میں جہاں یہ ذکر ہے کہ یونیورسٹی گرانٹ کمیشن مختلف یونیورسٹیوں کی ضروریات کا اندازہ کر کے ان کے پروگرام اور ان کی اسکیموں کا جائزہ لے کر ان کو ضروری فنڈ مہیا کرے گا وہاں اس مسودۂ قانون میں یہ بھی ہے کہ حکومتیں بلاواسطہ یونیورسٹیوں کو مالی امداد دیں گی، خواہ وہ مرکزی حکومت ہو یا صوبائی حکومت۔ اس دوغلی پالیسی سے حالات خراب ہوں گے۔ آپ قطعی طور پر اس بل میں ایسا provision نہ رکھیں کہ حکومت مالی امداد کے ذریعہ یونیورسٹیوں کی آزادی کو سلب کرے۔ یہ ٹھیک ہے کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن اپنے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے مرکز اور صوبوں سے روپیہ حاصل کرے گا یا ایسے اداروں سے جن کو تعلیم سے دلچسپی ہو روپیہ حاصل کرے گا۔ یہ اس کمیشن کا درد سر ہونا چاہیے۔ یونیورسٹیوں کو اس جھنجھٹ سے نجات دلانی چاہیے جس میں کہ ہم ان کو دوبارہ داخل کر رہے ہیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس یونیورسٹی گرانٹس کمیشن بل کی مخالفت کرتا ہوں جس طور پر کہ یہ بل اس ایوان میں پیش کیا گیا ہے۔

**Mr. Deputy Chairman**: Mr. Kamran Khan.

**Mr. Kamran Khan**: Mr. Chairman, Sir, while announcing the educational policy of the country two years ago the Prime Minister had promised two universities for the NWFP, one of the DIK and the other for Malakand Division to be set up at Saidu Shareef. As regards DIK university, we used to hear something about it but no progress was made due to political reasons because the JUI-NAP Government was in power in the NWFP. The matter did not go beyond the paper stage. Now, we hear that the Prime Minister is going to inaugurate the foundation laying ceremony. If the same interest had been taken from the very beginning, much progress would have been made on that project. With regard to the university at Saidu Shareef, the only thing that we heard was a broadcast from the radio by the present Prime Minister, the then President of Pakistan. Since then not a single word came forth. I would request the honourable Education Minister to make a categorical

announcement on the floor of the House when the Malakand Division will get a university to be located at Saidu Shareef. This university is the crying need of the area which will not only cater for the need of that Division but also of the adjoining area of Gilgit, Baltistan and Choolistant I would refer to the nationalisation of the Educational institutions. I was glad to read the other day that the honourable Education Minister made an admission in Lahore while speaking at a function of the Aitchison College that the wholesale nationalisation of educational institution resulted in deterioration of the educational system.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : No, mis-statement.

**Mr. Kamran Khan** : I would read out the report published in the DAWN dated March 17, Lahore issue. The report says "Mr. Abdul Hafeez Pirzada, Federal Education Minister said here he planned to drop all prestigious institutions from the list of nationalised institutions out of fear that educational system might further deteriorate."

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : Prestigious institutions. The question of nationalisation is not under discussion. Nationalisation of schools does not come within the limits of the University Grants Commission and whatever is being said is totally irrelevant.

**Mr. Deputy Chairman** : The House expected some relevant debate from the Members of the House. I hope you will try to speak on the Bill.

**Mr. Kamran Khan** : To my mind it is quite relevant. We are discussing education ; what is the purpose of setting up University Grants Commission which is imparting education. We are not discussing industry. I desire to bring to the notice of the honourable Education Minister the result of the wholesale taking over of national institutions, which he had admitted in Lahore, that the taking over has resulted in deterioration of educational standard, that was my point. I would request the Minister to consider setting of the Universities as promised by the Prime Minister.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : He can ask me that in the question hour and I will answer but he cannot keep on asking when we are considering an entirely different Bill ; this Bill relates to the University Grants Commission. I have heard what he said. Kindly read the education policy. This is a phased out programme. It cannot be implemented overnight.

**Mr. Kamran Khan** : To whom are you going to give grants when the universities are not in existence? You set up those universities and then you come for grants. I am very relevant. The Peoples Party takes great pride in fullfiling their promises. Why are you losing temper ? Please consider setting up a university for Swat. With these words I conclude.

**جناب شہزاد گل** : جناب والا ! یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کا قیام اس میں شک نہیں ہے کہ نہایت ضروری ہے اور جس طرح کہ محترم وزیر تعلیم نے فرمایا ہے کہ اور ملکوں میں بھی یونیورسٹی گرانٹس کمیشن ہیں اور خصوصاً ہندوستان کا بھی آنھوں نے ذکر کیا کہ وہاں پر یونیورسٹی گرانٹس کمیشن موجود ہے - یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے قیام سے ہم اختلاف نہیں کرتے اور نہ ہی اس کے اغراض و مقاصد سے ہمیں کوئی اختلاف ہے - جو گزارشات میں نے Centres of Excellence بل کے بارے میں کی ہیں

[Mr. Shahzad Gul]

وہی اس بل کے متعلق بھی کرتا ہوں کہ یہ صوبائی خودمختاری پر encroachment ہے اور آئین میں جو صوبائی خودمختاری کی ضمانت دی گئی ہے اس پر ایک بہت بڑا حملہ ہے - اس کمیشن کا تقرر وفاق حکومت کرے گی - اس کمیشن کو یہاں وسیع اختیارات دیے گئے ہیں اور صوبائی محکمۂ تعلیم کے پاس زیادہ اختیارات نہیں رہتے - ایک طرف تو یہ یونیورسٹیوں کی autonomy پر encroachment ہے اور دوسری طرف یونیورسٹیاں اپنی ضروریات کے لیے بالکل کمیشن کی محتاج ہوں گی - کوئی بھی کام وہ اپنی جانب سے نہیں کرسکیں گی - صوبائی حکومتیں بھی کوئی نئی یونیورسٹی قائم نہیں کر سکیں گی ، کوئی نیا ادارہ نہیں کھول سکیں گی بلکہ ساری باتوں کے لیے وہ کمیشن کی محتاج ہوں گی - کمیشن کو اتنے اختیارات دیے گئے ہیں کہ اس کی ایک علیحدہ حکومت ہوگی اور ہر ایک ادارہ اور صوبہ کمیشن کا محتاج ہوگا - اس لیے جناب والا ! ہم یہ گزارش کریں گے کہ کمیشن کے جو اختیارات ہیں ان میں سے بعض اختیارات کو نکال دیا جائے اور صوبائی حکومتوں کے سپرد کر دیا جائے کیونکہ یہ Concurrent List کا مسئلہ ہے اور Concurrent List میں جو اختیارات یہاں ہیں ان اختیارات سے بھی زیادہ اختیارات کمیشن کو دیے جا رہے ہیں -

جناب والا ! وہ Concurrent List کا 38 item ہے Curriculum, syllabus, planning, Policy, centres of excellence and Standard of Education لیکن یہاں پر کلاز ۸ میں کمیشن کو بہت زیادہ اختیارات سونپے گئے ہیں - اس کے علاوہ کمیشن کے تقرر میں صوبائی حکومتوں کو نمائندگی نہیں دی گئی ہے - وزیر تعلیم صاحب پھر یہ فرمائیں گے کہ وائس چانسلروں کی کمیٹی میں وائس چانسلر جو ہے وہ صوبائی حکومت کا نمائندہ ہوگا تو وہ یونیورسٹی کا نمائندہ ہوگا ، صوبائی حکومت کا نمائندہ نہیں ہوگا - صوبائی حکومت کو چھوڑ دیا گیا ہے - لہٰذا بل جس شکل میں پیش ہے ، میں اس کی مخالفت کرتا ہوں - اس کو amend کیا جائے اور پھر amended form میں میں اس کی حمایت کروں گا -

**Mr. Deputy Chairman** : Mr. Rafi Raza.

**Mr. M. Rafi Raza** : Mr. Deputy Chairman, Sir, we have heard a lot about autonomy from the Opposition Benches today, both about university autonomy and provincial autonomy. Mr. Shahzad Gul has said that the provincial autonomy has been taken away while Khawaja Safdar Sahib has said that he is glad that provincial autonomy has been taken away but unhappy that this authority should now have been transferred to the Centre.

Sir, apart from the rhetoric, in his usual style, of superb rhetoric, Khawaja Mohammad Safdar has actually mentioned three specific things which, in his consideration, have taken away or derogated from university autonomy as provided in this Bill. The three points were : that there is no fixed term provided and that

the members of this Commission can be removed at the sweet will of the Government. In this connection I would just refer him and the House to clause 3 of Section 4 which fixes the term of the Chairman and the members at three years. As far as the removal is concerned, the Chairman and the members cannot be removed arbitrarily. The Bill specifically provides for an opportunity to be heard, which means that the reasons must be stated. It is implicit in that provision. So, there is no question of no term being fixed, and no question of arbitrary removal of the Chairman or the members of the commission.

Sir, the second point of which much was made was that the Commission lacks autonomy to such a degree that it cannot even hold its meeting at any place outside Islamabad without the prior permission of the controlling authority. Sir, I just do not see any sense in this argument. Not even the superior courts of Pakistan can hold meeting whereever they want. The Supreme Court of Pakistan cannot sit elsewhere than its permanent seat except with the permission of the Government and the President. Does this mean that they do not have autonomy ? Does this mean that these courts do not have necessary power ? The Sind and Baluchistan High Courts cannot sit outside Quetta and Karachi Does it mean that it has no authority to do anything ; that the Government is controlling the Sind and Baluchistan High Court ? I do not want to say any more on this second point when he says that, because they cannot sit at any place outside Islamabad, the Commission has no autonomy.

The third point that was specifically raised was : what is the use of the Commission's decision when it can be referred back, that the Commission's decisions are worthless because the controlling authority can refer back the decisions. I see no two possible interpretations to the provisions contained in the proviso to section 4(4) which simply says that the controlling authority may refer back any decision of the Commission for reconsideration. The controlling authority has no over-riding authority over the functioning and the decisions of the Commission. They can only refer back for reconsideration and the final say is clearly that of the Commission. These are the three points, specific points, raised which apparently, according to Khawaja Sahib derogates from the principle of autonomy.

Sir, this Bill is yet another measure in inplementation of the People's Party manifesto that the universities should have autonomy. This was a major platform of the manifesto. I do believe that every measure taken by the Federal Government, and the Ministry of Education, including this very important measure has worked in that direction of maximum autonomy to the universities, and this is very apparent from the provisions of the Bill. The Federal Government under this Bill can only choose the members of the commission. Their sole function is to choose certain members. Even in this choice it is restricted because the members must be chosen from among eminent educationists and, I am glad to say, from among scientists because they have not been given their proper place in the past. In the field of science, and this is an encouraging sign, that not only it is specified that the members should be chosen from amongst scientists but one of the members is ex-officio the President of the Science Foundation. So, the Federal Government's role is only to choose. Its choice is limited by virtue of the provision of the Bill itself. It must choose from amongst eminent educationists and scientists. Once the choice is made, as I have already pointed out, the members cannot be removed. As I have also pointed out, the decisions of the Commission are final. The controlling authority can only refer matters back for reconsideration. With these three elements the Commission is assured of complete autonomy, and what is more to my mind, even has the power of the purse.

One of the principal functions of this Commission is to study the

[Mr. M Rafi Raza]

financial needs of the universities and make allocations, that is, to allocate and disburse out of the fund grants to the universities for their approved projects and ensure proper utilisation of its grants. This in a way ensures not only the autonomy of the Commission but also the autonomy of the universities. Reference was made by one of the Members of the Opposition, an incorrect and false allegation has been made, that a certain university was promised for a particular province but because a certain government happened to be there in the province at that time, the university was not sanctioned and the promise was not implemented. This sort of false allegation will not be any more. There can be no scope for this because it is left entirely to the Commission to make allocation etc.

The Commission's functions are indeed extremely important and necessary, and could be very far-reaching for the future of this country. I can only end by saying that this is a very welcome piece of legislation. As the Education Minister has pointed out it is also a very overdue measure. It has been debated for many years and thought of and conceived of for many years, but it has never been implemented. And therefore, I for one and I am sure most of the Members of the House would like to commend the Government for this Bill. Thank you, Sir.

**Mr. Deputy Chairman** : Mr. Hashim Ghilzai, would you like to speak ?

**Mr. Hashim Khan Ghilzai** : No, Sir.

**Mr. Deputy Chairman** : The question is :

"That the Bill to provide for the establishment of the Universities Grant Commission, [The Universities Grants, Commission Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once".

(*The motion was adopted.*)

**Mr. Deputy Chairman** : Do you want us to take up the second reading ?

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : We can take up the second reading tomorrow because some of the amendments moved have just been received and we can take them up. The first reading is concluded.

**Mr. Deputy Chairman** : Tomorrow you are having the session of the National Assembly in the morning.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : National Assembly will be in the morning.

**Mr. Deputy Chairman** : Tomorrow is Friday and in the Senate it is Private Members Day.

**Mr. Abdul Hafeez Pirzada** : We can take up on the next working day.

**Mr. Deputy Chairman** : On Fridays we do meet but in the evenings, and it is Private Members Day. So, we will take up the second reading on the next working day, and the Senate is adjourned to meet tomorrow at 4.00 p.m.

---

(The Senate then adjourned to meet again at four of the clock in the evening on Friday, March 29, 1974).

---